Earthquake relief assistance to Türkiye

February 06, 2023

ترکی کے زلزلہ متاثرین کے لیے راحتی امداد

فروری 06، 2023

ترکی میں آئے بھیانک زلزلے کے متاثرین کی راحت رسانی کے لیے ہندوستان کی طرف سے ہر ممکن پہنچانے کے وزیر اعظم نریندر مودی کی ہدایات کے پیش نظر ڈاکٹر پی کے مشرا، پرنسپل سکریٹری برائے وزیر اعظم ڈاکٹر پی کے مشرا نے فوری راحت رسانی کے تعلق سے تبادلہ خیال کرنے کے لیے ساوتھ بلاک میں ایک میٹنگ کی۔ جس میں یہ فیصلہ لیا گیا کہ این ڈی آر ایف کی تلاش اور بچاؤ ٹیمیں اور طبی ٹیموں کو امدادی سامان کے ساتھ فوری طور پر جمہوریہ ترکی روانہ کیا جائے گا۔

این ڈی آر ایف کی دو ٹیمیں جن میں 100 اہلکاروں پر مشتمل خصوصی طور پر تربیت یافتہ ڈاگ اسکواڈ اور ضروری سامان ہے، تلاش اور بچاؤ کی کارروائیوں کے لیے زلزلہ زدہ علاقے میں روانہ ہونے کے لیے تیار ہیں۔ طبی ٹیموں کو تربیت یافتہ ڈاکٹروں اور ضروری ادویات کے ساتھ طبی عملے کے ساتھ بھی تیار کیا جا رہا ہے۔ راحتی امداد جمہوریہ ترک حکومت اور انقرہ میں ہندوستانی سفارت خانے اور استنبول میں قونصلیٹ جنرل کے دفتر کے ساتھ مل کر روانہ کیا جائے گا۔

اس میٹنگ میں کابینہ سکریٹری، وزارت داخلہ، این ڈی ایم اے، این ڈی آر ایف، دفاع، ایم ای اے، شہری ہوا بازی اور صحت اور خاندانی فلاح و بہبود کے نمائندے شامل ہوئے۔

نئی دہلی

فروری **06, 2023**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.